© rasailojaraid.com

# اداریہ

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عظیم انقلاب برپا کیا اس کی مثال تاریخ انسانیت کے کسی دور میں نہیں ملتی - مصر و شام کی کتب قدیمہ کی ورق گردانی کیجیے ، روم و یونان کی تاریخ پر نظر ڈالیے ، چین کی تاریخ کا مطالعہ کیجیے ، ہندوستان کے قدیم اساطیر کو پڑھیے کہیں بھی اور کسی دور میں بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ایسی جامع الصفات شخصیت نظر نہیں آتی- آپ کی سیرت طیبہ کی سب سے نمایاں خصوصیت آپ کی جامعیت ہے - آپ کی حیات طیبہ میں ہر طالب راہ کے لیے دلیل راہ موجود ہے - آپ کی ذات ستودہ صفات زندگی کے ہر پہلو اور ہر گوشے کے بارے میں ہماری رہنمائی کرتی ہے - ایک مزدور سے لے کر ایک بادشاہ تک سب کے لیے آپ کی ذات بابرکات میں نمونہ موجود ہے -

ہماری یہ انتہائی خوش نصیبی ہے کہ ہمیں مجلہ تحقیق کا سیرت نمبر شائع کرنے کی سعادت نصیب ہو رہی ہے - اس شمارے میں حیات طیبہ کے چند ایسے گوشوں کو موضوع بحث بنایا گیا ہے جن کے بارے میں عوام الناس کو زیادہ معلومات حاصل نہیں - ہمیں یقین ہے کہ مجلہ کے قارئین ہماری اس کاوش کو استحسان کی نظر سے دیکھیں گے -

مدیر

© rasailojaraid.com